27-03-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ مرکزی حکومت نے ریاستوں کو کمرشیل ایل پی جی کے الاٹمنٹ میں 70 فیصد اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

۲۔ ریاست بھر میں سری رام نومی کے موقع پر سیتا رامولا کلیانا تسوم بڑے پیمانہ پر منعقد کی جارہی ہے۔ بھدرا چلم کے سیتا راما کلیانا تسوم میں وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے شرکت کی اور ریشمی ملبوسات پیش کیئے۔

۳۔ تلنگانہ جاگروتی کی صدر کویتا نے آج نظام آباد میں کہا کہ وہ آئندہ ماہ کی 25 تاریخ کو نئی پارٹی قائم کرنے کا اعلان کریں گی۔

اور

۴۔ ریاستی حکومت نے ریاست میں پہلی بار ارکانِ اسمبلی اور ارکانِ قانون ساز کونسل کیلئے لیجسلیچرس اسپورٹس میٹ 2026ء کو منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ مقابلے اس مہینہ کی 28 اور 29 تاریخ کو ایل بی اسٹیڈیم میں منعقد ہوں گے۔

CM - Bhadradri

بھدرادری میں سری سیتا راما کلیانا تسوم تقریب بڑے پیمانے پر منعقد ہوئی۔ اس تقریب میں دونوں تلگو ریاستوں سے تعلق رکھنے والے عقیدتمندوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے اپنے اہل خانہ کے ساتھ بھدرادری کا دورہ کیا اور سری سیتا راما مندر میں ریشمی ملبوسات پیش کیئے۔ اس موقع پر نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ، ریاستی وزرأ سرینواس

ریڈی، وزیر انڈومنٹ کونڈا سریکھا اور دیگر موجود تھے۔

Sound Byte Kalyanotsavam

اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے بھدرا چلم میں 351 کروڑ روپیوں کی لاگت کے مختلف ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد بھی رکھا۔

LPG

مرکزی حکومت نے ریاستوں کو کمرشیل ایل پی جی کے الاٹمنٹ میں 70 فیصد اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اِس ضمن میں آئرن، آٹو موبائل اور ٹکسٹائل صنعتوں کے علاوہ دیگر مزدوروں کی زیادہ تعداد کام کرنے والے صنعتوں کو 20 فیصد الاٹ کیا جائے گا۔ یہ بات مرکزی وزیر پٹرولیم ہردیپ سنگھ پوری نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم کے ذریعہ بتائی۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ کمرشل ایل پی جی کی سربراہی میں آسانی کیلئے یہ فیصلہ لیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پائپوں کے ذریعہ آنے والے گیس کیلئے متبادل نہ ہونے والے صنعتوں کو اِس میں خصوصی توجہ دی جائے گی۔

Sri Rama Navami - Vemulawada

سری رام نومی کے موقع پر ویملواڑہ کے راجنا مندر میں سری سیتارا ما کلیانا مہوتسوم کا عقیدت و احترام کے ساتھ آغاز ہوا ہے۔ ریاستی وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر اور گورنمنٹ وہپ آدی سرینواس نے حکومت کی جانب سے مندر میں ریشمی ملبوسات پیش کئے اور مندر میں خصوصی پوجا کی۔ پوجا کے بعد مندر کے پوجاریوں نے ان کو ویدک آشرواد پیش کیا۔

Sound Byte Ponnam Prabhakar

جبکہ سری بھیمو یشورا سوامی مندر میں گورنمنٹ وہپ و ویملواڑہ کے رکن اسمبلی آدی سرینواس

نے بات کرتے ہوئے کہا کہ ویملواڑہ میں سری سیتارامولا کلیانامہوتسوم روایتی طور پر منعقد ہوتے ہوئے آرہی ہے۔ اس تقریب کیلئے 50 ہزار عقیدتمند آنے کی توقع ہے۔ اس کے لئے وسیع تر انتظامات کئے گئے ہیں۔

Kishan Reddy

سری رام نومی کے موقع پر رنگاریڈی ضلع کے تماپور میں سیتارامولا کلیانا تقریب بڑے پیمانہ پر منعقد ہوئی۔ اس تقریب میں مرکزی وزیر کشن ریڈی نے اپنے اہل خانہ کے ساتھ شرکت کی۔

Khelo India - MBNR

محبوب نگر کی رکن پارلیمنٹ ڈی کے ارونا نے کہا کہ کھیلو انڈیا اسکیم کے ذریعہ ملک بھر میں کھیلوں کو فروغ دیا جارہا ہے۔ قومی اور بین الاقوامی سطح کے مقابلوں کیلئے کھلاڑیوں کو تیار کرنے کے لئے مرکزی حکومت اقدامات کررہی ہے۔ محبوب نگر میں نوجوان گروپس میں مرکزی وزارتِ اسپورٹس کی جانب سے فراہم کئے گئے اسپورٹس کٹس کو رکن پارلیمنٹ ڈی کے ارونا نے تقسیم کیا۔ اس موقع پر انہوں نے بات کرتے ہوئے کہا کہ 150 یوتھ گروپوں کو 10 لاکھ روپے مالیت والے اسپورٹس کٹس کو تقسیم کیا جارہا ہے۔ مرکزی حکومت کا مقصد دیہی سطح کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کرنا ہے تاکہ ان کو خصوصی شناخت مل سکے۔ اس کیلئے حکومت بھرپور اقدامات کررہی ہے۔

Sound Byte D.K.Aruna

Kavitha Party

تلنگانہ جاگروتی کی صدر کویتا نے آج نظام آباد میں بات کرتے ہوئے کہا کہ وہ آئندہ ماہ کی

25 تاریخ کوئی پارٹی قائم کرنے کا اعلان کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ میڑچل ضلع کے منیرآباد میں منعقد ہونے والے ایک جلسہ میں اِس کا اعلان کیا جائے گا۔ کویتا نے مزید کہا کہ ریاست میں درپیش عوامی مسائل کے حل کیلئے جدوجہد اور تلنگانہ کی ترقی کیلئے اِس نئی پارٹی کا قیام عمل میں لایا جارہا ہے۔

Jangaon - SSC Exam

جنگاؤں ضلع کلکٹر سندیپ کمار جھا نے آج ضلع کے پالاکرتی منڈل ہیڈکوارٹر پر واقع سوشل ویلفیر ریسڈنشیل گرلز اسکول کا اچانک معائنہ کیا۔ اِس موقع پر انہوں نے طلبہ سے کہا کہ وہ دسویں جماعت کے امتحانات میں اچھے نمبرات سے کامیابی حاصل کریں۔ انہوں نے تعلیمی میدان میں ترقی حاصل کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ تعلیم ہی مستقبل کو روشن بناسکتی ہے۔

GAS

راجنا سرسلہ ضلع کے سیول سپلائز آفیسر بوچی بابو نے کہا کہ ضلع میں ایل پی جی پکوان گیس کی کوئی قلت نہیں ہے۔ گیس کا وافر ذخیرہ موجود ہے۔ صارفین کو پریشان ہونی کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ صارفین کو بکنگ کے بعد ترجیحی تاریخ پر گیس ایجنسیوں سے سلنڈر کو ڈیلیور کیا جارہا ہے۔ میونسپلٹی کے حدود میں بکنگ کے بعد 25 دنوں اور دیہی سطح پر 45 دنوں میں گیس سلنڈرس کی ڈیلیوری کی جارہی ہے۔ انہوں نے اس سلسلہ میں تعاون کرنے عوام پر زور دیا۔

Rajanna Sircilla

آصف آباد ایڈیشنل کلکٹر ڈیویڈ اور ضلع ایس پی نیتیکا پنتھ نے کہا کہ آصف آباد ضلع میں پٹرول، ڈیزل اور گیس کی کوئی قلت نہیں ہے۔ انہوں نے سوشل میڈیا پر آنے والے

افواہوں پر توجہ نہ دینے عوام سے اپیل کی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلع میں کہیں بھی پٹرول اور ڈیزل کی کوئی قلت نہیں ہے۔

Hyderabad - Sri Rama Navami

حیدرآباد میں سری رام نومی عقیدت و احترام کے ساتھ منائی جارہی ہے۔ اس سلسلہ میں سیتارام باغ سے سلطان بازار تک شوبھایاترا نکالی جارہی ہے۔ اس یاترا کیلئے وسیع تر انتظامات کئے گئے ہیں۔

Peace Award

ریاستی وزیر سیاحت و اکسائز جو پلی کرشنا راؤ کو انٹرنیشنل انٹرچینج ڈیولپمنٹ اسوسی ایشن کی جانب سے ایک تاریخی، گرانڈ پرائز فار کنٹری بیوشن ٹو ورلڈ پیس ایوارڈ دیا گیا۔ حیدرآباد کے ہریتا پلازہ میں منعقدہ بین الاقوامی بودھا شانتی سدسو 2026ء کے موقع پر ریاستی وزیر جو پلی کرشناراؤ کو یہ ایوارڈ دیا گیا۔

Sri Rama Navami Asifabad

آصف آباد ضلع کے مختلف مندروں میں سری رام نومی عقیدت و احترام کے ساتھ منائی جارہی ہے۔ ضلع کے جانکاپور رامالیم مندر میں منعقد کئے گئے سری راموکلیانا تقریب میں مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے تقریباً 20 ہزار عقیدتمندوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر 150 پولیس ملازمین کے ساتھ سخت حفاظتی انتظامات کئے گئے۔ اس تقریب میں مہمان خصوصی کے طور پر ضلع کلکٹر ہریتا اور رکن اسمبلی کے فرزند سائی ناتھ نے اہل خانہ کے ساتھ شرکت کرتے ہوئے ریشمی ملبوسات پیش کئے۔

Sri Rama Navami - Mancherial

منچریال ضلع میں سری رام نومی تقریب بڑے پیمانہ پر منائی جارہی ہے۔ مندامری منڈل رام کرشناپور میں سیتاراما مندر میں منعقد ہوئے سری رام نومی تقریب میں ریاستی وزیر ویویک وینکٹ سوامی نے اپنے اہل خانہ کے ساتھ شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے راموڑو کے بتائے ہوئے راستہ پر چلنے کیلئے عوام پر زور دیا۔

Jangaon - Inspection

جنگاؤں ضلع کلکٹر سندیپ کمار جھا نے آج پالاکرتی کے پرائمری ہیلتھ سنٹر کا اچانک معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے ادویات کے روم، لیاب، اِن پیشنٹ کے وارڈ اور دیگر مقامات کا دورہ کرتے ہوئے عملہ کے حاضری کا جائزہ لیا اور ہیلتھ سنٹر کو آنے والے مریضوں کی تفصیلات اور دیگر امور سے واقفیت حاصل کی۔

Sports Meet

ریاستی حکومت نے ریاست میں پہلی بار ارکانِ اسمبلی اور ارکانِ قانون ساز کونسل کیلئے لیجسلیچرس اسپورٹس میٹ 2026ء کو منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اِس مہینہ کی 28 اور 29 تاریخ کو حیدرآباد کے ایل بی اسٹیڈیم میں کھیلوں کے یہ مقابلے منعقد ہوں گے۔ ان کھیلوں کے مقابلوں کیلئے حکومت نے ایک کمیٹی تشکیل دی ہے۔ ریاستی وزیر جوپلی کرشنا راؤ اس کے چیرمین ہوں گے جبکہ وزیر اسپورٹس واکٹی سری ہری کو چیرمین ہوں گے۔ تلنگانہ ریاست کے قیام کے بعد ارکانِ اسمبلی کیلئے اس طرح کے مقابلہ منعقد کرنا یہی پہلی مرتبہ ہے۔